نیشنل اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر: 2(2)/2014-DG(KV)　　　　　　　　اسلام آباد، مورخہ 28 جولائی، 2014ء

پریس ریلیز

مجید نظامی کی وفات پر چیئرمین، کشمیر کمیٹی کا اظہار افسوس

خصوصی کمیٹی قومی اسمبلی برائے کشمیر کے چیئرمین مولانا فضل الرحمن نے نوائے وقت گروپ کے ایڈیٹر انچیف جناب مجید نظامی مرحوم کی وفات پر ایک تعزیتی پیغام میں اپنے گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا مرحوم ایک سچے دیانتدار اور کھرے پاکستانی تھے۔ انہوں نے اپنی ساری زندگی پوری ایمانداری، محنت اور سچی لگن سے صحافت کے میدان میں اپنی بے پناہ صلاحیتوں کے ساتھ شاندار خدمات ادا کیں۔ مرحوم نظریہ پاکستان اور کشمیر کی جدوجہد آزادی کی تحریک کے انتہائی بے باک نڈر، بے لوث حامی اور استعارا تھے۔ پوری قوم بالخصوص کشمیری عوام اس ضمن میں ان کی پرخلوص غیر متذلزل کوششوں اور کردار کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔

انہوں نے مزید کہا آپ کی وفات سے صحافتی میدان میں جو خلاء پیدا ہوا ہے یہ قومی نقصان کے مترادف ہے آپ کی وفات سے قوم ایک سچے پاکستانی اور عظیم صحافی سے محروم ہوگئی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے۔ آمین

ڈائریکٹر جنرل (کشمیر کمیٹی)